## تحریک التوا:۔

موجودہ حکومت میں سرکاری گاڑیوں کی چوری کی خبریں آئے روز اخبارات کی زینت بنتی ہیں۔ کئی وزراء صاحبان اور سرکاری آفیسران کی گاڑیاں چوری ہوئی تھیں۔ بعض اطلاعات یہ بھی ہیں کہ گاڑیاں جان بوجھ کر چوری کروائی گئی ہیں اور فروخت کر دی گئی ہیں اور اس وقت حکومت آزاد کشمیر کے کئی محکمہ جات کی کافی تعداد میں گاڑیاں جن کو چوری شدہ ظاہر کیا گیا ہے وہ پاکستان میں وفاقی وزراء یا ان کے عملے کے استعمال میں ہیں جن کا پٹرول آزاد کشمیر کے سرکاری محکمہ جات مہیا کر رہے ہیں ان میں چوری شدہ ظاہر کی گئی اور بدوں حکومتی منظوری کے فراہم شدہ گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ آزاد کشمیر کے وسائل کو شیر مادر کی طرح لوٹا جا رہا ہے۔ ایک سینئر سیکرٹری کو بھی اس وجہ سے پہلے OSD کیا گیا لیکن بعد ازاں انہیں کسی اور محکمہ میں تعینات کر دیا گیا۔ حکومت کی توجہ اس اہم معاملہ کی طرف دلائی جاتی ہے کہ وہ ان واقعات کا فوری نوٹس لے۔ چوری شدہ گاڑیوں کو برآمد کیا جائے اور ان گاڑیوں کو فروخت کرنے والے عناصر کو بے نقاب کرتے ہوئے ان کے خلاف کارروائی کرائے اور بدوں حکومتی منظوری جو گاڑیاں پاکستان کے وفاقی وزراء یا ان کے عملہ کے پاس ہیں انہیں فوری طور پر برآمد کرتے ہوئے ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

سید شوکت علی شاہ

(سید شوکت علی شاہ)

ایم ایل اے

12-12-17

سیکرٹری اسمبلی